PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.756**

**Department: -Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 756

منجانب:۔ جناب احمد کنڈی صاحب اور محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ، اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ اس وقت ملک میں ایسا کوئی مؤثر قانون یا ضابطہ موجود نہیں جس کے تحت ڈاکٹرز مریضوں کیلئے ادویات تجویز کرتے وقت دوا کا برانڈ نام تحریر کرنے کی بجائے دوائی کا عام نام یعنی صرف اس کا فارمولہ (Generic Name) لکھنے کا پابند بنایا جاسکے۔ اسی طرح ڈاکٹرز کیلئے نسخہ کمپیوٹرائزڈ طریقے سے تحریر کرنا بھی لازم قرار نہیں دیا گیا، جس کے باعث اکثر ہاتھ سے لکھے گئے نسخے ناقابل فہم ہوتے ہیں۔ اس صورتحال کے نتیجے میں مریضوں کو شدید مشکلات، غلط ادویات کے استعمال اور غیر ضروری مالی بوجھ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو عوامی صحت کیلئے انتہائی تشویش کا باعث ہے۔ لہٰذا صوبائی حکومت اس سنگین اور حساس مسئلے کے پیش نظر ڈاکٹرز کو برانڈ نام کی بجائے ادویات کا فارمولا تحریر کرنے اور کمپیوٹرائزڈ نسخہ جات کو لازمی قرار دینے کیلئے کوئی مناسب قانون یا ضابطہ متعارف کرانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی ختم ہو سکے۔

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.881**

**Department: - Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 881

منجانب:۔ محترمہ شاہدہ وحید صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ مردان میڈیکل کمپلیکس جو کہ ایک بہت بڑا ہسپتال اور تدریسی ادارہ بھی ہے۔ جس پر ضلع مردان اور ملحقہ اضلاع کا دارومدار بھی ہیں لیکن مذکورہ میڈیکل کمپلیکس میں سی ٹی سکین اور ایم آر آئی مشین عرصہ دراز سے خراب ہیں۔ جسکی خبریں سوشل میڈیا اور اخبارات میں بھی آرہی ہیں۔ اس سے نہ صرف مردان بلکہ ملحقہ اضلاع کے مریضوں کو سخت تکلیف کا سامنا ہے۔